عجالہء نافعہ در تحقیق

مسئلہ افضلیت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور مسلک اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

مزین بتصدیق نائب اعلحضرت حضور تاج الشریعۃ علامہ مفتی اختر رضا خان قادری برکاتی بریلوی دامت فیوضاتہ العالیہ

اس رسالہ مبارکہ وعجالہ نافعہ میں امام اہل سنت مجدد دین وملت الشاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ کی ان تصانیف اور تعلیمات کا روشن بیان ہے، جن میں آپ نے حجج قاہرہ اور دلائل باہرہ سے ثابت فرمایا کہ افضلیت شیخین کریمین j اہل سنت و جماعت کے نزدیک اجماعی ومتواتر ہے اور جو اس عقیدے میں اختلاف کرے گا دائرہ اہلسنت سے خارج ہے۔

تحقیق وتالیف

خادم علمائے اہلسنت

محمد منور عتیق غفرلہ

یو۔کے

امام اہل سنت کی اہل بیت سے عقیدت صرف قرطاس وقلم تک محدود نہیں تھی بلکہ بیعت ہونے کیلئے بھی آپ نے سادات مارہرہ کا تعین فرمایا۔ آپ سید السادات مرجع العلماء و العرفاء حضور سیدی آل رسول حسینی مارہروی علیہ الرحمۃ کے دست مبارک پر مرید ہوئے۔ اس خاندان کی ایک عظیم روحانی ہستی سید سادات بلگرام میر عبدالواحد بلگرامی ہیں جنہوں نے اپنی مشہور کتاب مستطاب ''سبع سنابل'' میں مسئلہ تفضیل پر روشنی ڈال کر تفضیلیہ کا رد بلیغ فرمایا۔

امام اہل سنت نے ان کی اس کتاب کے بعض اقتباسات ''غایۃ التحقیق فی امامۃ العلی والصدیق'' میں دیئے ہیں، بعض یہاں ملاحظہ ہوں۔ امام اہل سنت لکھتے ہیں:

''سید سادات بلگرام حضرت مرجع الفریقین، مجمع الطریقین، رہبر شریعت، بحر طریقت، بقیۃ السلف، حجۃ الخلف سیدنا و مولانا سید عبدالواحد حسینی زاہدی واسطی بلگرامی قدس اللہ تعالیٰ سرہ السامی نے کتاب مستطاب ''سبع سنابل شریف'' تصنیف فرمائی کہ بارگاہ عالم پناہ حضور سید المرسلین ﷺ میں موقع قبول عظیم پہ واقع ہوئی۔

حضرت میر قدس سرہ المنیر نے اس کتاب مقبول و مبارک میں مسئلہ تفضیل بکمال تفصیل وتائید جمیل وتہدید جلیل ارشاد فرمایا لفظ مبارک چند حروف نقل سے شرف حاصل کروں۔ اولیائے کرام ومحدثین وفقہاء جملہ اہل حق کے اجماعی عقائد میں بیان فرماتے ہیں۔

واجماع دارند کہ افضل از جملہ بشر بعد انبیاء ابوبکر است وبعد از وے عمر فاروق ست۔۔۔۔ الخ

پھر فرمایا:

اجماع اصحاب و تابعین وتبع تابعین و سائر علمائے امت ہمبرین عقیدہ واقع شدہ است۔۔۔۔